Fazl ʿAlī, Sayyid Shāh

Dīvān-i Fazl

ان من الشعر لحکمة وان من البیان لسحراً

دیوان فضل

جھجھری

از تصنیف قدوة السالکین زبدة العارفین جناب سید شاہ فضل علی
جھجھری نور اللہ مرقدہ

خاکپائے درویشان وحید الدین احمد سہسرامی نے بسعی محمد ایوب خان
و محمد سعید خان سکنائے جھجھر

نے

منشی قربان علی کے شاہجہانی پریس دہلی مین طبع کرایا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد خدا و نعت سید ہر دو سرا کے واضح ہو کہ کمترین وحید الدین احمد سہسرامی بتاریخ ۱۸/ رمضان المبارک کو بتقریب عرس شریف جھجر ہوا تو بہت سے اوراق کچھ دیمک کے کھائے ہوئے کچھ پانی سے بوسیدہ ہوئے برادراں محمد ایوب خان صاحب و محمد سعید خان صاحب سکنائے جھجر سے دستیاب ہوئے دیکھنے سے اوراق کے معلوم ہوا کہ یہ دیوان ہمارے دادا پیر جناب سید شاہ فضل علی صاحب جھجری نور اللہ مرقدہ کا تصنیف کردہ ہی جو کہ ابھی تک نہیں چھپا ہے۔ لیکن اس عاصی نے تبرکاً اوراق بوسیدہ سے اشعار ردیف وار نکال کر جمع کئے اور درست کر کے ہدیہ ناظرین کرتا ہوں امید کہ اسکے اشعار پر نہ خیال فرماوین کیونکہ یہ گذشتہ زمانے کی پورانی زبان ہے۔ صرف اصل مضمون پر خیال فرماویں۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ کچھ اشعار ہر ردیف کے شاید غائب ہوں تو تعجب نہیں۔ اسکی زبان نہایت پرانی تھی کوشش کر کے کچھ کچھ جامہ حال اردو کا پہنایا گیا اور بقیہ پرانے ہی الفاظ ہیں تبرکاً چھوڑا گیا ہے اور نام اس کا دیوان فضل جھجری رکھا گیا۔

العبد

وحید الدین احمد سہسرامی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کس کو ہے مقدور حمد کبریا
جو کرے کچھ صفت تیری اور ثنا

تیرا ہمسر ہی نہیں تو ایک ہے
ہے یہ سب کچھ تیرا ہی پیدا کیا

عرش کرسی جن بشر لوح و قلم
ایک کن مین سب کیا عرض و سما

اس زبان سے ہو سکے تیرا بیان
تو نے تو گویائی کا منصب دیا

جو تیری توحید کا قائل نہیں
ہو گیا ملحد و کافر دہریا

ہے وحدہ لا شریک تو ای جناب
جو کرے گا شرک وہ کافر ہوا

جو ہوا دریائے وحدت میں غرق
کون پاوے اُس کا پایان یا رو پتا

دیکھتا ہون اپنی آنکھین کھول کر
اپنی آنکھون میں رہا ہے تو سما

مستی مین جو فضل علی تو کہہ گیا
معذور مجھکو رکھنا تو اے رب رہنما

یہ دل اُس کی محبت میں فنا ہو جا بجا ہو جا
فنا سے پھر بقا ہو جا بقا میں بادشاہ ہو جا

یہ کہنا اُس گل رعنا سے ای صبا جا کر
تو اپنے عاشق دل خستہ سے اگر فدا ہو جا

نگاہ ناز سے دیکھے جو میری طرف ای گلرو
یقین ہے پھر تو جلدی سے میرا مقصد روا ہو جا

گنہ میں عمر کیوں برباد کرتا ہے تو ای عاقل
کہ ایسی زندگی سے یہ بھلا ہے جو فنا ہو جا

یہ مرض عشق سے بیمار ہے فضل علی تیرا
پلا دے شربت دیدار گر اُسکو شفا ہو جا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابعد حمد خدا و نعت سید ہر دوسرا کے واضح ہو کہ کمترین وحید الدین احمد سہسرامی بتاریخ ۱۸ ار
رمضان المبارک کو بتقریب عرس شریف جھجر ہوا تو بہت سے اوراق کچھ دیمک کے کھائے
ہوئے کچھ پانی سے بوسیدہ ہوئے برادران محمد ایوب خان صاحب و محمد سعید خان صاحب
سکنائے جھجر سے دستیاب ہوئے دیکھنے سے اوراق کے معلوم ہوا کہ یہ دیوان ہمارے دادا
پیر جناب سید شاہ فضل علی صاحب جھجری نور اللہ مرقدہ کا تصنیف کردہ ہے جو کہ ابھی تک
نہیں چھپا ہے۔ لیکن اس عاصی نے تبرکاً اوراق بوسیدہ سے اشعار ردیف وار نکال کر جمع
کئے اور درست کر کے ہدیہ ناظرین کرتا ہوں امید کہ اسکے اشعار پر نہ خیال فرماوین کیونکہ
یہ گذشتہ زمانے کی پرانی زبان ہے۔ صرف اصل مضمون پر خیال فرماویں۔ اور معلوم ہوتا
ہے کہ کچھ اشعار ہر ردیف کے شاید غائب ہوں تو تعجب نہیں۔ اسکی زبان نہایت پرانی
تھی کوشش کر کے کچھ کچھ جامہ حال اردو کا پہنایا گیا اور بقیہ پرانے ہی الفاظ ہیں تبرکاً
چھوڑا گیا ہے اور نام اس کا دیوان فضل جھجری رکھا گیا۔

العبد

وحید الدین احمد سہسرامی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کس کو ہے مقدور حمد کبریا — جو کرے کچھ صفت تیری اور ثنا

تیرا ہمسر ہی نہیں تو ایک ہے — ہے یہ سب کچھ تیرا ہی پیدا کیا

عرش کرسی جن بشر لوح و قلم — ایک کن مین سب کیا ارض و سما

اس زبان سے ہو سکے تیرا بیان — تونے تو گویائی کا منصب دیا

جو تیری توحید کا قائل نہیں — ہو گیا ملحد و کافر دھریا

ہے وحدہ لاشریک تو اے جناب — جو کرے گا شرک وہ کافر ہوا

جو ہوا دریائے وحدت میں غرق — کون پاوے اس کا پایان یارو پتا

دیکھتا ہون اپنی آنکھین کھول کر — اپنی آنکھون میں رہا ہے تو سما

مستی مین جو فضل علی تو کہہ گیا
معذور مجھکو رکھنا تو اے رب رہنما

یہ دل اس کی محبت میں فنا ہو جا بجا ہو جا — فنا سے پھر بقا ہو جا بقا میں بادشاہ ہو جا

یہ کہنا اس گل رعنا سے اے صبا جا کر — تو اپنے عاشق دل خستہ سے اگر جدا ہو جا

نگاہ ناز سے دیکھے جو میری طرف اے گلرو — یقین ہے پھر تو جلدی سے میرا مقصد روا ہو جا

گنہ میں عمر کیوں برباد کرتا ہے تو اے عاقل — کہ ایسی زندگی سے یہ بھلا ہے جو فنا ہو جا

یہ مرض عشق سے بیمار ہے فضل علی تیرا
پلادے شربت دیدار گر اس کو شفا ہو جا

ساقی تو اپنی ایک عنایت کا جام لا
تڑپے ہے تیری عشق مین بیخود ہوا یہ دل
دریا کے مثل لہر میں اس دل حباب میں
کشتی خرد کی پھٹ گئی حیرت کے موج سے

فضل علی کو اپنی محبت سے دی پلا
جیسے کہ تڑپے ہے قبل رُخ قبلہ نما
تیرے تو شوق بحر نے غرقاب میں کیا
مجھکو نہ فکر نیک نہ بد کا ذرا رہا

مستی میں جو کہ فضل علی سے ہوا قصوٗر
معذور مجھکو رکھنا تو اے شیخ رہنما

ایسا جہان میں کوئی بھی نا آشنا نہ تھا
دل ہاتھ سے گیا ہے نہ آیا مرے وہ ہاتھ
مت کر نصیحتین مجھے ناصح کہ بس ہو جب
قاصد جو میرے یار کو مجھ تک نہ لا سکا
ای تو ہے کہہ صبا میرے جانان سے یہ پیام
بسمل کی طرح لوٹے ہے اور جان بلب ہوا

قطعہ

دیکھے سے تجھ صنم کے میرا دل بجا نہ تھا
نزدیک اپنے ایسا تو وہ بیوفا نہ تھا
جب سے اثر کیا ہے میرا دل بجا نہ تھا
کیا دیکھنے کو اُسکے تو ہر جا پھرا نہ تھا
مینے دیکھا تیرے یار کو ابتک سرا نہ تھا
سُن کے تو دیوانہ کا ہرگز پتا نہ تھا

تجھپر تو سب عیاں ہی مگر یوں کہے کوئی
ہم سے کچھ خیال فضل علی نے ظاہر کیا نہ تھا

جلتا ہی تیرے عشق میں رُخ آفتاب کا
تجھ سے ہوا ہے دونوں جہانکا باغ سبز
گر تو نہ ہوتا کوئی نہ ہوتا دو کون میں +
جسنے شراب شوق کا پایا ہے تیرا جام

سینہ کباب ہو گیا ہے ماہتاب کا
تیرے عرق سے پھول کھلا ہی گلاب کا
تیری رضا میں حق ہے یہ مثلاً کتاب کا
اُسکو نشہ نہوئے دنیا خراب کا

پایا ہے جس نے جام محبت کے دور کا
طالب نہیں وہ فضل علی اس شراب کا

مجھکو ہے اے یار یاری کا
دل مرا عشق نے کیا مدہوش
ایک مدت سے پڑا ہوں میں

چڑھ رہا ہے نشہ خماری کا
کیا کہوں حال اُسکی خواری کا
تیرے ملنے کے انتظاری کا

کوچ ہر دم بجا دے نقارہ
لگ رہا ہے یہ دم شماری کا

ہو تسلی کا جلوہ فضل علی
دو آیا ہے بیقراری کا +

کام اپنا ہے آہ و زاری کا +
اور تجھ بن ہے بیقراری کا

تو نہ دے درد ہجر کا جانا
وقت آخر ہے اس اناری کا

رنج یہ وصل کی دوا سے کھو
نہ جاویگا یہ درد ہشیاری کا

گر تو الطاف اپنا فرما دے
بات منصب ہے پنجہزاری کا

اپنے فضل علی کو دے دیدار
آج ہے وقت اپنی یاری کا

میرے محبوب سے جا کر صبا یاد کرکے کہہ دینا
کرو جلدی سے غم سے تم مجھے آزاد کہہ دینا

نہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے پڑا تڑپے ہے دیوانہ
یہہ جان پر لب ہے تیرے ہجر میں ناشاد کہہ دینا

کہ ہم سے ناتوان سے کیا کرے پرہیز ملنے کا
تیری دوری سے مرجائیگا یہ بے بنیاد کہہ دینا

مجھے دے ایک پیالہ دے نکر تکرار ای ساقی
یہ مے خانہ تیرا دائم رہے آباد کہہ دینا

پڑا ہے ایک مدت سے تیرا فضل علی عاشق
پکارے ہے تیرے در پر میری فریاد کہہ دینا

تو اپنی موج سے ساقی ذرا ادھر تو آ
پیالہ عشق کا بھر بھر کے تو شتابی لا

نہ اعتبار ہے اس زندگی کا دنیا میں
پھر اس قلیل حیات میں ہوی صبر کہا

ذرا تو غور کر اپنے اسس دیوانہ کو
تمہارے در کو تو چھوڑے تو پھر کدھر کو جا

نہیں تو اپنے دیوانہ کا حال ہے دشمن
بچارا عشق میں کرتا پھرے ہے داویلا

ہمارا ہوش تو لیکر گیا ہے وہ دلدار
یہ درد کرتا ہے بیخود رہے نہ ہوش ذرا

جناب غوث زمان خواجہ سلیمان پیر
کہ اب تو کیجیے اپنا کرم برائے خدا

تمہارا فضل علی ہے غریب سرگردان
اسے تو وصل کا محبوب کے دے جام پلا

ہمارے دلکو ای دلبر عجب ہی مفت لیجاتا
کہ پھر بھی آنکر اپنی ادا ہم کو نہ دکھلاتا

یہ کیا انصاف ہے ای دلربا ہم تمکو کہتی ہیں
دکھا کر اپنی صورت کو نہیں ہی پھر نظر آتا

تجھے یہ بیخبری کیا ہوا ہے حال عاشق کا
جلا اے شمع رو تیری لگن من ہے جاتا

جنہیں اپنا کہے پھر چھوڑ تا کب ہی وفاداری
بھروسے پر تمہارے سے لیا ہی عشق کا جاتا

کہاں جاؤں کدھر جاؤں کہیں جاتا نہیں پاؤں
پڑا ہے فضل علی کو جیتے جی ہی اے یار مر جاتا

آنکھوں میں میرے آکے تیرا جمال چھپایا
دیکھا تو ہر مکان مین تو ہی رہا سمایا

حیرت میں آگیا ہوں کر کر تیرا ظہورا
اس طرح سے دل میں اکر کے میری بھایا

اس کا کرم ہے بیحد اور یہ نہیں اپنی طلع
ہر ہر شے کے اوپر رحمت کا اسکے سایا

جلوہ تیرا تمامی عالم پر روز برسے
فضل علی کا نصیب خوش ہی اسنے جمال پایا

میں کسسے کہوں دل بیچین ہے میرا
جسدن سے تجھے دیکھا ہے دل ہوگیا تیرا

نہ شہر میں آرام ہے نہ جنگل میں تسکین
میں تنگ ہوا عشق نے ایسا مجھے گھیرا

جاؤں کہاں جانیکی نہ طاقت رہی تن میں
مجھکو تو کاہے کبوتر کی طرح چھیڑا

چھوڑے ہی دنیا کی طلب کو تو کیا بہتر
جو اس میں رہا ان کا ہے دو دن کا بسیرا

ہے خاک تیرا فرش اور گھر گور ہے تیری
گھر سمجھا ہے جسکو وہ نہیں تیرا ڈیرا

لب تشنہ پڑا ہوں ذرا دیکھ تو اے قاتل
میرا اب تو کر تیغ سے اور کام ہو میرا

چاہ ہے فضل علی بس تجھکو ہی چاہے
جز چاہ تیرے اور سب کا ہے بکھیڑا

محبت میں خدا کی دل فنا ہوتا تو کیا ہوتا
بقا ہوتا بقا ہوتا بقا کا بادشاہ ہوتا

کٹی یہ عمر ساری اس فنا میں اور یوں برباد
بگولا جس طرح سے ہے روان سوئے سما ہوتا

تجھے اے دل نصیحت کر رہا ہوں اب تو یہ سن
اگر پہلے سے تو سنتا تو تیرا کیا بھلا ہوتا

کری جو یاد اللہ کی جوانی میں تو ہووے وہ مقبول
بڑھاپے میں اگر کرتا تو کیا حق کو ٹھگا ہوتا

اگر ایک آہ بھی سینہ سے میری اب تلک آتی
یقین ہے کانپ کر گردون زمین پر گر پڑا ہوتا

بھلا اب بھی سمجھ آئی تجھے فضل علی بہتر
اگر اول سمجھتا تو تو کیا قرب خدا ہوتا

اپنا کر کے نہ سمجھے رسوا
آپ کا ڈر ہے تجھے ڈر کیسا

جب تلک عشق میں نہ ہو رسوا
تب تلک عشق ہے نمک ہیگا

تو اگر آگ ہم پر برسا دے
کہوں ہل من مزید کا فقرا

تو جلا دیکھ اے میرے محبوب
خاک ہو جاؤں اُف نہ ہو پیدا

آرزو ہے ہمیشہ فضل علی
کہ جلوں عشق میں از سر تا پا

ہے کون و مکان مین وہی بولتا
وہی بولتا ہے وہی بولتا

ہزاروں پتے سے وہی بے پتے
مگر یہ پتہ ہے صحن بولتا

کہے ہے علی کل شئی قدیر
چھپے کس طرح سے ہے تو بولتا

فرش سے عرش تک ہی تیرا ظہور
کہ قرآن میں امر و نہی بولتا

توہی ہی توہی ہر توہی ہے توہی
نہ بے تیرے فضل علی بولتا

دل لیگیا ہمارا دیکھلا کے حسن پیارا
دکھلا کے حسن پیارا دل لے گیا ہمارا

وہ دلربا سدھارا بس کر کے مجکو حیران
بس کر کے مجکو حیراں وہ دلربا سدھارا

میرا نہیں گذارا تیرے بغیر دلبر
تیرے بغیر دلبر میرا نہیں گزارا

یہ مبتلا تمہارا روئے تمہارے غم مین
روئے تمہارے غم میں یہ مبتلا تمہارا

مین مٹ گیا ہوں سارا تیرے فراق اندر
تیرے فراق اندر مین مٹ گیا ہوں سارا

مجھکو نہیں ہے چارا تیرا جمال پاؤن
تیرا جمال پاؤں مجھکو نہیں ہے چارا

فضل علی تمہارا کرتا ہے گریہ زاری
کرتا ہے گریہ زاری فضل علی تمہارا

دل گیا تھا ہم کو دیکر اپنا جانے کیا پتا
پھر نہیں ہمکو لگا ہے اسکے پانے کا پتا

جو گیا ہے کوچہ دلدار میں وہ کر کے گھات
شوق میں دلبر کے دل ہوا مثل کباب
جا تو قاصد کہہ مرے جاناں سے لی جلدی خبر

اب کہاں لگتا ہے یارو اُسکے پانیکا پتہ
دن کو تو معلوم نہیں شب کو ملتا ہی پتا
پھر نہ پاویگا تو اپنے اُس دیوانے کا پتا

شوق میں تڑپے تیرے ہے رات دن فضل علے
اب تو دے ہمکو پتا اپنے ٹھکانے کا پتا

دل لے گیا تھا میرا ابتک ادھر نہ آیا
جو جو کہ آرزو ہے میں یوں کیا تم سے
کیا کیا ہے رنج مجھپر گذرا تیرے ہجر میں
حال اپنے سینہ کا وہ کیونکر کرے گا ظاہر

کیا خواب میں کرشمہ تو نے مجھے دکھایا
کھل گئی تھی آنکھ میری پھر تو نظر نہ آیا
دشمن کو بھی نہووے ہرگز میرے خدایا
جس نے کہ راز اپنا محرم سے ہے چھپایا

فرقت میں تیرے شب و روز فضل علی ہی تڑپے
دیدار اب تلک ہے اُسکو نہیں دکھایا

تو دیکھنے کو میرے ایکدم ادھر نہ آیا
مقدور ہے کہ اکدم میری جو آنکھ لگ جا
میں کوکلی پپیہے کی طرح کوک رہا تھا
ایسا نہیں ہوا ہے ایک طرفی لاگ ہوئے

تیرے ہجر نے پیارے راتوں مجھے رولایا
ایسا مجھے جگایا یکدم نہیں سلایا
میرے پکارنے پر کچھ رحم نہ آیا
تیرے تو دل میں ہرگز ذرہ بھی نہ بھایا

میں جاگ رہا ہوں سے اب ہو چکا ہی آخر
اس درد و غم نے تیرے فضل علی جلایا

دل میرا عشق کے صدمہ سے گرفتار ہوا
میرے رونے نے مجھے کر دیا رسوا یارو
میں نے اس یار سے چھپ چھپ کے کہا تھا جو جو
تا لپٹنا اُسکو ہوا عشق کا ظاہر کرنا

جب سے میں اپنے و بیگانہ سے بیزار ہوا
اب تو معروف ہر کوچہ بازار ہوا
میرے اس راز سے ہر ایک خبردار ہوا
اس سبب سے برا مان کے بیزار ہوا

کیا نہ کہا تھا تجھے فضل علے ہر بار
صحبت غیر سے کہا دیکھ کیا خوار ہوا

کرکے اب تنہا مجھے محبوب جانا کیا بھلا
میں کبھی ہرگز نہ ملتا تیرے در سے ای صنم
دل میرا جب سے ہوا زیر قدم تجھ ماہ کے
بات مردوں کی نجاوے اور پھر جاوے تو جا

دل لگا کے پہلی ہمسے منہ چھپانا کیا بھلا
اب تیرے کوچہ میں سر دی کر نجانا کیا بھلا
اب قدم کو رکھ کے ثابت پھر اٹھانا کیا بھلا
قول کو قالو بلا کے اب توڑنا کیا بھلا

اب تو خود آئی تیرے سر پر توے فضل علی
غل مچانا رونا اور جی چھپانا کیا بھلا

رات کو درد میں بس آہ میں جا گاہی کیا
مین نے ہر طرح سے بہلایا اس کو یارو
ہجر کی شب کی درازی کا بیان ہو کس سے
چاہے جس جس طرح سے ہمکو جلائے پیاری

اور تصور نے مجھے یار کے سونے ندیا
چین اس نے مجھے کیا کہوں ایکدم ندیا
طول تھا ایسا گویا عرصہ قیامت کا کیا
یہ دل درد تری نظر سے رہتا ہے چھپا

یہ تیرا فضل علے تیرے تئیں چاہے ہے
غیر تیرے نہ کسی کی اسے ہے روا اور ریا

ہم نے پھیلا کے سب مکان دیکھا
کون ظاہر ہے کون باطن ہے
یار کو ڈھونڈھتا پھرا ناحق +
اندرون اپنا جب کیا خالی +

ہر مکان میں تو ہے عیان دیکھا
تو ہی ظاہر تو ہی نہان دیکھا
اسکو میں اپنے درمیان دیکھا
تب میں وہ جلوہ جہان دیکھا

جس نے دیکھا ہے اسکو فضل علی
کیا کریگا وہ دو جہان دیکھا

یار کا جلوہ جا بجا دیکھا
کیا تو لیلیٰ میں کیا تو مجنون میں
آنکھ تھی بند یار تھا اس جا
ایک بقا ذات لایزال تیری

ہر مکان میں وہ خوشنما دیکھا
سب میں وہ ربی العلا دیکھا
جب کھلی پھر نہ وہ پتا دیکھا
سب کو بس نقش فنا دیکھا

اسنے فضل علے کا اے یارو
دل کو کس طرح سے لیا دیکھا

آ کر کے اے پریرو دیکھ انتظار میرا
سیماب کی طرح ہے دل بیقرار میرا

کیا کہیئے اپنی حالت کہنے میں کچھ نہ آوے
ہے دل میں اور زبان میں تو ہی شمار میرا

کیا کہتا پھرا ہوں یارو اُس کا پتا نہ پایا
ملکوں میں میں پھرا ہوں پایا نہ یار میرا

اب روتے روتے میری آنکھوں سے خون برسا
بے دلربا کے یہ دل ہے بیقرار میرا

رکھ دھیان اپنے رب کا کر دل میں تو تسلی
فضل علی ملا دے اُسکو وہ ہے محبوب میرا

تو اے دلدار کر جلدی علاج اب میرے اس غم کا
مجھے دکھلا شتابی سے وہ مکھڑا خوش تبسم کا

میں روی شمس کا عاشق ہوں اور واللیل زلفونکا
نہ جنت کا ہوں میں طالب نہ ڈر رکھا جہنم کا

تصور میں ترے آنکھیں ہماری سوکھ جاتی ہیں
جیسے سورج کے آگے کب اثر رہتا ہے شبنم کا

ہمیں رسوائیوں سے ڈر نہیں ہے تری عشق کی اندر
ترے غم کے اٹھانے کو ہمارا کام آدم کا

پڑا ہے تیغ ابرو کا تیرا فضل علی زخمی +
تن زخمی پر اُس کے جلد رکھ پھاہا مرہم کا

میں ہوں جیسا ہوں تیرا ہوں نہیں میں دوسرے در کا
بس اپنا کر کے تو ہرگز نکرنا مجھکو در در کا

مجھکو نہ دوسرا گھر ہے نہ در ہے دوسرا ایسا
بھلا انصاف سے بولو بتاؤ ہوؤں میں کس گھر کا

کہاں جاؤں کدھر جاؤں کہاں جا ہی جتا جاؤں
تمہارا در اگر چھوڑوں تو بولو ہوؤں میں کس در کا

خدایا تو کریم ہے اور رحیم ہے اور ہے مالک
مجھے نیکوں میں کر لے تو تیرا بندہ ہوں قادر کا

مجھے تو عشق ہے فضل علی اس وقت ملجا کا
کہیں ملتا نہیں دیکھا لکھا ہے جو مقدر کا

مت کر گناہ حق سے تو شرمندہ ہووے گا
اوقات کو خراب مت کر تو بہت رویگا

یہ موتی ہے لیا تیرے ایمان کا میاں
شیطان کے کہنے سے تو ناحق کو کھووے گا

جیسا عمل کریگا تو پاوے گا اسکا پھل
کاٹے گا اپنے ہاتھ سے جو کچھ کہ بوویگا

تو آجکل کا خیال نکر جلد دل کو دھو +
بندہ خدا کا ہے وہی جو دل کو دھووے گا

ہشیار رہ تو فضل علی مستی سے ہو ہشیار
مارینگے جوتے دلکو جو غفلت سے سوویگا

کرے بھلی کمائی آخر کو خاک ہوگا ۔ دل سے سمجھ لے ای بھائی آخر کو خاک ہوگا

سب پیر اور پیغمبر جن و بشر ملایک ۔ اور جتنی ہے سب خدائی آخر کو خاک ہوگا

دونوں کی زندگانی اوساتنی ہے تغافل ۔ کرلے تو کچھ بھلائی آخر کو خاک ہوگا

بھانہ مست کر کچھہ بندگی تو کرے ۔ ہے اس میں تیری رہائی آخر کو خاک ہوگا

فضل علے کو ناصح کرتا ہے یہ نصیحت
کر در دیں سمائی آخر کو خاک ہوگا ٭

ای بادشاہ دوسرا حضرت محمد مصطفےٰ ۔ اے والی شاہ و گدا حضرت محمد مصطفےٰ

کیا جنت و عرش و فلک کیا جن و انسان و ملک ۔ مشتاق تیرے انبیا حضرت محمد مصطفےٰ

معشوق مولائی توئی مخلوق اعلائی توئی ۔ تجھہ سا نڈر ارض و سما حضرت محمد مصطفےٰ

تیری صفت لولاک ہے سب سے تو فضل پاک ہے ۔ تیری مثال کوئی نہیں حضرت محمد مصطفےٰ

تو پیشوائے مرسلین اور رحمت اللعالمین ۔ ہے حسن تیرا والضحیٰ حضرت محمد مصطفےٰ

طہ و یسن کا لقب ہوا عطا تم کو مرسلین بنا ۔ مداح ہے تیرا خدا حضرت محمد مصطفےٰ

تھا کنت کنزاً مخفیا میں بھید اللہ کا چھپا ۔ تجھہ نور سے ظاہر ہوا حضرت محمد مصطفےٰ

اے صاحب عرب عجم ہم عاصیونکی رکھہ شرم ۔ صدقے تیرے صدیق صفا حضرت محمد مصطفےٰ

برکت عمر عثمان سے ہو خاتمہ ایمان کا ۔ بطفیل مرتضےٰ حضرت محمد مصطفےٰ

از شہ شبیر و شبر آسان ہو روز حشر ۔ اور رہوں تیرے تخت و لوا حضرت محمد مصطفےٰ

سب آل اصحاب رسول عم نبی زوجہ بتول ۔ میں ہوں غلام اولیا حضرت محمد مصطفےٰ

تیری صفت صلو علیہ و سلمو تسلیما ہے ۔ مجھہ سے ثنا کب ہوا ادا حضرت محمد مصطفےٰ

ہے آرزو فضل علی بن سید حیدر جہجری ٭
اپنی حضوری دے سدا حضرت محمد مصطفےٰ

میں تو قائل ہوں تری تقریر کا ۔ اور عاجز ہوں تری تحریر کا

کر لیا اپنا غلام ایک آن میں ۔ ہوں فدا قربان اس تاثیر کا

ہمکو پھنسنا تھا تمہارے عشق میں ۔ مٹ نہیں سکتا لکھا تقدیر کا

ذرہ پر آنے کی خبر دے مری جان ۔۔۔ ہو چکا ہے کام مجھ دلگیر کا

تو ہے معشوق الٰہی فخر دین
فضل علی ہے عاشق تیری تصویر کا

کل ناز سے آیا تھا تو مجلس میں ماہ خوش لقا ۔۔۔ دل ہو چکو راب تھکتا ہا پہنچا نہیں تجھ پاس جا
جب سے کہ دیکھا تھا تیرا جلوہ میں اے رشک قمر ۔۔۔ تب سے مری نظروں میں آتا ہے خورشید سا
دیکھنے سے تیرے ہو گیا دنیا و دین سے بیخبر ۔۔۔ حیرت زدہ پھرتا ہوں میں مانند وحشی کو سدا
جو کچھ کہ گذرا ہے مجھ پر بس کیا کہوں میں اپنا ورد ۔۔۔ تڑپتا ہوں مثل ماہی فرقت میں تیرے دلربا

فضل علی کے دل کو روشن کر تو اے مہ جبین
یہ ہو گیا ہے عشق میں جلکر جیون الٹا توا

دل لیگیا ہے میرا یہ دل پڑا ہوں اسجا ۔۔۔ کوئی صنم سے کہدو ٹک آ کے ہمیں ہس جا
کون و مکان مین جلوہ تیرا ڈھونڈتا ہوں ۔۔۔ اپنا مشاہدہ دے دل کو مرے ہوس جا
مجھکو بغیر تیرے کوئی نظر نہ آوے ۔۔۔ مجھکو میں چھوڑ پیارے جاؤں تنہا میں کس جا
آنکھوں میں جان و تن مین تو ہی سما رہا ہی ۔۔۔ اتنا تو کر پیارے میرے تو دل میں بس جا
شیشہ پیالہ ساقی اور باغ یار ہی کا ۔۔۔ ہے آرزو کہ آکر مینہ جلدی سے برس جا
اللہ مجھ پر ایسی رحمت نزول کر دے ۔۔۔ دل تیرے بحر رحمت میں میرا جاکے دھنس جا

فضل علی کو واعظ کرتا ہے کیا نصیحت
ایسا نہو کہ تو بھی اس دام میں پھنس جا

اگرچہ عشق پر آفت اور پر بلا ہے گا ۔۔۔ وے برا نہیں یہ امر کچھ بھلا ہے گا
جو مجکو قتل کرے اپنے ہاتھ سے ظالم ۔۔۔ تو تیرے سر کی قسم اپنا تو نفع ہے گا
یہ اشک چشم میری روز شب برستی ہین ۔۔۔ مثال نوح کے طوفان ایک بپا ہے گا
فلک سیاہ ہوا ہے ہماری آہوں سے ۔۔۔ قمر کا سینہ مرے غم سے جلا ہے گا

نگاہ لطف سے اپنے ذرا ادھر کو دیکھ
کہ تیرا فضل علی خاک میں ملا ہے گا

اگر یہ باغباں ہم کو ذرا وہ باغ دکھلاتا
تو بلبل کی طرح یہ دل مرا قربان ہو جاتا

عجب وہ باغ ہے یارو خزاں مطلق نہیں آئین
کوئی جو آنکھ بھر دیکھے تو پھر کچھ نہیں بھاتا

عجب ایک پھول ہے اس باغ کا جسپر ہوں میں مائل
درود پڑھنے سے اُسپر میرا دل خوب لہراتا

خجل ہے سرو قد سے چشم سے حیراں ہے نرگس
قمر بھی ہے شرمندہ فلک میں جبکہ چھپ جاتا

اگر اُس شمع رو کو دیکھتا فضل علے ذرا بھی
مثل پروانہ کے واللہ فی الحال جل جاتا

صبا مجھکو اڑا یہاں سے صنم کے در اوپر لیجا
وہ ایوان سے کب نکلی جمال اپنا مجھے دیجا

مجھے تو آرزو دیدار کی رہتی ہے ہر ساعت
خدا کے واسطے قاصد تو کہہ میری طرف سے جا

مجھے اُسکی بغیر زندگی بھاتی نہیں ہرگز
بسی رہی ہے میرے دل میں ہر دم یاد اُسکی جا

کروں کیا کیمیا اکثر اُس پارس کو میں لیکر
مجھے اُسکی نظر کافی ہے بے اُسکے سہی نے جا

یہ دل فضل علی کا یار پر اب ہو گیا عاشق
ارے ناصح کھڑا ہے کیوں ذرا ہمسے پرے ہی جا

جو دم تیری یاد میں گذرے تو بقا ہے
جو ہم نے کہا تم سے سو سچ ہے بجا ہے
ہم عشق کے بندے ہیں جو عاشق ہیں صنم کے
ہم ہر طرح سے راضی ہیں شکر اُسکا سدا ہے
گر عشق کیا جائے تو کر عشق حقیقی
عاشق تو ہے معشوق ہو ذات خدا سے
دم ایک بجا یاد بغیر اُس کی تو ہے حق ÷
معبود وہ موجود یہ سب اُسکی ثنا ہے

اے عاشق — دانا
ہے تیرے جان میں — جانا
گر اسکو ہو — منظور
جانا سو ہی — مانا
ہوئے عاشق — صادق
او دلبر — رعنا
حق حق وہی — مطلق
دل اُسکا — نشانا

اول وہی آخر وہی ظاہر وہی باطن کر فضل علی عشق
دانا ہو نادان نہ تن سچ تو کہا ہے محبوب کا پانا

مرحبا اے ساقیا جام محبت کا لا
اپنی عنایت سے ایک بار پیالہ پلا

آرزو میں مے کے آہ صرف ہوئی عمر سب
دل کی ذرا موج نہیں جلد تو شیشہ اوٹھا

تیرے پیالہ کے بیچ عکس رخ یار ہے
مجھکو ذرا آن کے وہ رخ تابان دیکھا

در پر تمہارے کھڑا کب سے پکار رہا ہے فقیر
مے کے ہو مختار تم لطف کیجے عطا

دور منور مین جام فضل علے نے چکھا
آج کرم کر فضل سے ذرا دنیا جاتی آ

دل میرا یار کے قدمون سے کبھی دور نہ تھا
لیکن آنا مجھے اسکے کنے مقدور نہ تھا

ایک نظر دیکھنے میں یوں سے کر دیجے مقام
پھر کے اسکے یہان آنا میرا منظور نہ تھا

بند آنکھوں سے مرے تو ہی نظر آتا تھا
آنکھ اپنے سے اوٹھا کر دیکھا تو نور نہ تھا

عشق نے اسکے مجھے کر دیا رسوا یارو
پھر ایک وقت میں میرے یار کے مذکور نہ تھا

کھول زلفونکو کیا شب کا بہانا یارو
مرے مرقد پہ جو اسے آنا منظور نہ تھا

کیا کیا فضل علی کو اسنے جلایا دیکھو +
اپنا مفہوم تھا اور اس کا یہ دستور نہ تھا

کہ تاج سلطنت سے آستانہ یار بہتر تھا +
تجھے سایہ ہما سے سایہ دیوار بہتر تھا

تیرا بیمار فرقت سے پڑا ہے جان بلب ظالم
اگر تم دیکھتے آکر تو یہہ بیمار بہتر تھا

مجھے یہ دکھ دیا تو نے مونڈایا سبزہ خط اپنا
میرے اس زخم کو مرہم نگار بہتر تھا

تجھے عاشق سے اپنے منہ چھپانا ہی نہیں بہتر
دکھانا اپنی صورت کا ہمیں ہر بار بہتر تھا

خریدا ہے تیرے بازار میں فضل علے نے درد
لیا ہے عشق کا سودا اسے یہ کار بہتر تھا

نام اس شیرین لب دلدار کا
ہے وظیفہ مجھ دل بیمار کا

عشق میں شیرین زبان کی ہر گھڑی
تشنہ لب ہون یار کے دیدار کا

اے عزیزو مت مرے پیچھے پڑو
میں سدا سے ہوں دیوانہ اس یار کا

مین سلیمان سنگھڑی کا ہون غلام
ہون سگان سگ اسی دربار کا

نام اس کا سب کہیں فضل علے

یہ تو بلبل ہے اُسی گلزار کا +

چھوڑ دے اب خیال ماضی کا
وقت آیا ہے سرفرازی کا
دل مرا یار پاس جاتا ہے +
جس طرح جا سوار تازی کا
جان دینا مجھے شہادت ہے
ٹلتا ہے کب ہے کام غازی کا
طے کیا کس نے مثل شانہ کے
آہ اُس زلف کی درازی کا

کر تو قربان جان فضل علے
وقت آیا ہے عشق بازی کا

جمال تیرا اگر خواب میں بھی یاد دے گا
تو لاکھ بار تیرے در او پر پھر آوے گا
شاہدہ مجھے رویا میں گر ہوا حاصل
مثال شمع کے سر اپنا پھر کٹاوے گا
بغیر دیکھے ترے ہو گیا ہے یہ قربان
جو تجھہ کو دیکھے تو کونین کو مٹاوے گا
اے شمع رو ذرا تو آنکہ ادھر کو دیکھہ
کہ تیرے عشق میں پروانہ دل جلا دیگا
تو داد اُسکے کو پہونچی یا نہ پہونچی ایک ہی تو
کہ بادشاہ کے سوا اب کہاں یہ جاویگا

مراد یہ ہے کہ حاصل ہو تیرا دیدار
تمنا فضل علے کی خدا بنا وے گا +

ساقیا جام ایک ہوش کا لا
اپنے مدہوش کو تو جلد پلا
جام جمشید سے نہ ہو کچھ کم
جیسے عقدہ میرے پر سب ہو وا
میں تیرے جام کے گیا قربان
جام ہے یہ تو جام وحدت کا
تو رحیم ہے میں بندہ پر عصیان
جرم میرے کو معاف سب فرما
مجھہ سے ہرگز نہ تو الجھہ واعظ
میں دیوانہ ہوں مجھکو ہے سودا
کیا کہوں حال اپنا اے زاہد
مست سرشار ہوں میں سر تا پا

اے مسیحا ہے مردہ فضل علی
لب شیریں سے اپنے اسکو جلا

اے مہ خوش لقا ادھر تو آ
چاند سا منہ ذرا ہمیں دکھلا

دیکھہ تو انتظار میں تیرے
ساقیا گلعذار سلیم وہاں
جسکے پینے سے دوئی ہو دور
مطربا کا ملا کے اپنا ساز
روز شب سفت عمر ہوئی ضائع

قطعہ

مثل نرگس کے چشم ہری وا
مئے وحدت کا جام ایسا پلا
اور خودی دور ہو برائے خدا
راگ ایسا سنا کہ وہ مل جا
اے دلا اب تو کرلے یاد خدا

سایہ سے آپ کے ہی فضل علی
کیا درکار ہے اس کو ظل ہما

ہمکو فرقت میں تیرے غم کھانا
مین تو فرمان پذیر ہون تیرا
مطلب ہے خاص وصال تیریکا
میں تجھے ایک دن میں جانا ہی
تیرے دیکھے بغیر چین نہیں

نہ کبھی شکوہ لب تلک آنا
پر نہ تونے میرا کہا مانا
آپ دل میں سمجھ تو ہے دانا
کون کافر ہو پوجے بت خانہ
کیا کروں دل نمانے سمجھانا +

تیرا عاشق ہے فضل علی لیکن
اس کو سمجھایا پر نہیں مانا

مت کرا ہی ماہ تھا ہم سے حجاب
غیر تو ہرگز نہیں اے نازنین
دلکو دم دیکر کے لیجاتے ہو تم
جو کوئی طالب ہو تجھ بن غیر کا

نکلے ہے بادل سے آخر ماہتاب
کیا عجب ہی تو دکھادے رخ شتاب
یہ تماشا کیا ہے اے عالیجناب
وہ تو ہو دونوں جہاں میں ہی خراب

ہو گیا تاریک دل فضل علے
تو دکھا چہرہ کو اپنے اب شتاب

شوق میں تجھ دلربا کے دل ہو گیا ہی خراب
میں تو حیران ہوں ہمکو نہیں تو چین ہی
دیکھکر شیرین کا جلوہ جس طرح

ڈھونڈتا ہے آپکو اور پھرتا ہے خراب
جس طرح لیلے پر مجنون تھا خراب
ہو گیا فرہاد کا خانہ خراب

خود کو پاوے دیں سے ہو بے خبر
کب پسند ہے اسکو یہ دنیا خراب
حضرتِ عشق کیا تری تاثیر ہے
کر دیا ہے ہیر رانجھا کو خراب
جو خراباتی ہیں تیرے عشق کی
انکو طلب دین و دنیا ہے خراب

ڈھونڈتا پھرتا تجھے ہے فضل علے
ہر مکاں و کوچہ میں وہ ہر جا ہے خراب

زود ہیا ساقیا بخشدے جلدی شراب
صدقے تیری پر جان و دل جل جل کر ہوا کباب
اپنی عنایت سے جام ایک پلادے مجھے
دور ہوویں میرے سب پردے اور دلکے حجاب
گرچہ تیرے کرم سے سب حاصل و مقصود ہیں
تم سے نہ کچھ دور ہوں اے میرے عالیجناب
ایک عنایت کی نظر تیری کفایت کرے
چھوٹ جاویں دل کے سب جو ہیں رنج و عتاب

جب سے کرم کی نظر تیری فضل علی پر ہوئی
جان لیا بس دل سے دنیا ہے مثل حباب

اٹھ تو اب ساقیا جلدی دے مجکو شراب
جان لبوں پر میرے آئی ہے مثل حباب
ایک نظر مجھکو اب تو اپنا جلوہ دکھ
ہے میرا یہ مدعا جلدی سے بر لا شتاب
مجھکو تھی آرزو اے میرے منبع کرم
ایک جہان فیض سے تیری ہو کامیاب
وصل سے اپنے مجھے کر شاد کام +
صدقہ نبی الکریم کے وہ جو ہیں عالیجناب

تو نے کیا غزل کہی واہ واہ ای فضل علے
جب سے تو نے ہے پلایا مجھکو جام شراب

آرزو میں تیرے جاتا رہا دن اور رات
پھر بھی قسمت نہیں کرتی میری ایک بات
ہای افسوس زندگانی میں مفت کھوئی عمر
وقت تو کھویا گیا پیارے پر نہ آوے مرے ہات
نیند غفلت میں تو ہے سویا پڑا بیہوش ہو
اٹھو ٹک جاگ اے یار چپ رہیا کر کے گھات
ایک محبت کا پیالہ تو دے مجھکو ساقیا
بھول کر کونین کو یاد نہیں تیری شان صفات

ایک رنگی میں مزا ایک ہی رنگ ہو فضل علے
خود کو کھودے خود بخود تماشائے ذات

جہان گم عقل ہوتی ہو وہاں جانیکی کیا قدرت	اگر پہنچا کوئی اُس جا تو پھر آنیکی کیا قدرت
خضر اور مسیحا وہاں حیران ششدر ہیں	بھلا تو ناتوان ہی دل تجھے جانیکی کیا قدرت
نگہ معشوق کے ہیں کشتگان عاشقان یارو	جسے محبوب نے مارا تو جی جانیکی کیا قدرت
اگر اُسکی گلی مین جا توے سر ہاتھہ میں اپنا	سلامت اُس جگہ سی اُسکو سر لانیکی کیا قدرت

تو اپنے لطف و فضل سے فضل علی کو اپنی قربت دے
بغیر از لطف کے وہاں خود کو پہچانیکی کیا قدرت

میرے دلکو محبت ہی سو پروانہ سے کیا نسبت	نرا غم کا رہے دلمین تو جل جانے سی کیا نسبت
شراب شوق کو پیکر طواف یار کرتا ہوں	جو عاشق وصل کر ہیں انکو ٹل جانیسے کیا نسبت
جو ہیں عاشق صادق غذائے غم صدا اُن کی	جو ہیں بیدرد بیغم انکو غم کھانیسے کیا نسبت
جو صادق عشق کی ہیں وہی مثال شمع روشن ہیں	ایک عالم انکا پروانہ ہی چھپ جانیسے کیا نسبت

مثال مرغ بسمل کی طرح فضل علی تڑپے ہے
تو اُسکو وصل دی واللہ ترسانے سی کیا نسبت

کیوں کرے ہے خوار پیاری الغیاث	دے مجھے دیدار پیاری الغیاث
آپ کا واللہ ہون نہیں غیر کا	اب تو کر اقرار پیارے الغیاث
دیکھنا تیرا فقط درکار ہے +	ہون تیرا بیمار پیارے الغیاث
جو رہے دل میں تو باقی تو رہے	اور نہ ہو درکار پیارے الغیاث
محو کر اپنی محبت میں کریم	کھول دے اسرار پیاری الغیاث
بھید اپنی معرفت کا ہم کو دے	تو میرا دلدار پیارے الغیاث

یہ تیرا فضل علی ہے پر خطا
ہے تو بخشش ہار پیارے الغیاث

رخ چھپاتے ہو صنم ہمسے بھلا کیا باعث	کس لئے ہم سے خفا ہو تو بھلا کیا باعث
آپ محبوب وفادار ہیں عاشق بیتاب	پھر بھی ملتے نہیں ہم سے کیا باعث
اور سے ملتے ہو اور ہم سے خفا رہتے ہو	یہ سخن سنتے تو ہر ایک سے سنا کیا باعث

جان اپنے کو دیا ہمنے تیرے قد موزون
تب بھی سمجھتے نہیں ہیں اپنا گدا کیا باعث

تجھہ سا معشوق نہیں دونون جہاں میں کوئی
پھر تو یہ فضل علے کب ہو جدا کیا باعث

طالب فانی ہو جاتا ہے عبث
تو میاں اُس کا دیوانہ ہے عبث

جو مقدر میں لکھا وہ کم نہو
شوخ سے دل کو جلاتا ہے عبث

تو عبث عاشق کہایا ہے ای یار
اُسکو ہرگز مہر و ملنا ہی عبث

تو عبث لیتا ہے نام عاشقی کا
نام اُس کا لب پر لاتا ہی عبث

جو ہیں زخمی خنجر مژگان کے
اُنکو زخم اپنا سہلاتا ہی عبث

جو کہ اپنے حال کو سنتا نہو
حال دل اُسکو سناتا ہی عبث

عہد توڑا جبکہ اے فضل علے
اُسکو اپنا منہ دکھاتا ہے عبث

ہمکو پلا ساقیا جام تو وحدت کا آج
پہونچی ہے اگر مری جان لبوں پر آج

دنیا مین آکر تو اب ایک دم غافل نہو
کل کو تو وہاں کوچ ہو کر دی جو کرنا ہے آج

کل پر نہ رکھہ کام کچھہ کل کو نہو کام بچھے
غافل کہیں موت کو دل مین سمجھہ اپنے آج

یا تو ہمکو آج اپنا پیالہ پلا
اڑ گئے سب عقل ہوش تاب و توان سب آج

ہجر مین تیرے پڑا ہے فضل علے
ہے تیرا پروانہ آج ہی آجائے آج

ظاہر ہوئے ہو کس کے لئے مہربان آج
یہ بانک پن تمہارا نکالیگا جان آج

کس ڈہب سے آج نکلا ہی زلفین کے باہر و
قربان تجھہ ہو گئے دونون جہاں آج

ساقی بہار آگئی اب دے شراب وصل
تڑپوں سدائی عشق میں تجھہ بن یہاں پر آج

ہرگز نما نیئو رقیبوں سے سن گلا +
مجھسے جہان ہو گیا ہے بدگمان آج

ناصح تو کس لئے مجھے کرتا ہے اپنا پند
معذور ہوں کہ دیکھوں ہاری کی کمان آج

کل تک کسے گماں ہے جینے کے ای حبیب
کل پہ نہ رکھہ تو کام میرا دل سے مان کہا آج

کیجیے خیال فضل علی پر بیدل ہو رہا ہی وہ
مژگان کا تیر لایا ہی ابرو کمان جو آج

تم تو آزردہ ہو یار کس سبب سے کیا علاج
نہیں تو گذرا لطف سے پر رنج رہتی کیا علاج

رنج رہنے سے تمہاری اس قدر ہے دلکو درد
جان ہی بیجان دل بیکل ہی بیماری کیا علاج

دیکھیں عاشق تیری گھر سے قدم رنجہ کری
ہم تو ای دیکھنے کو دور سے تیری کیا علاج

یہ تو مستانہ ہے مجنوں اسکی لیلیٰ ہے دوا
تو کرے دیوانہ پن تبلاؤ سیانے کیا علاج

اے طبیبو مت پڑو فضل علی کے خیال میں
لا دوا بیمار ہوں میں کون جانے کیا علاج

ڈہونڈھتا پھرتا ہوں تجھکو دیوانہ کی طرح
چھان ڈالا ملک سب ہر پھر کی مستانہ کیطرح

آہ کی آتش نے میرے کر دیا دل کو کباب
کیا کروں میں ہو گئی اپنی تو جل جانیکی طرح

ساقیا اتبو پلا دے کیا پیالہ وصل کا
آپ تو دیتے ہیں دیکھائی گرم میخانہ کی طرح

دی ہمیں خلعت رضا تسلیم کا اے دلربا
سرخ روئی سے ہو ہمکو آج گھر جانیکی طرح

چڑھ رہی ہی عشق کی بھٹی اوٹھا آتا ہی تپ لبریز جو
ایک شیشہ لیکے آیا وہ میخانہ کی طرح

میں نواب عشق میں پھرتا ہوں رسوا جابجا
ہے کوئی ایسا کرے لیلیٰ سے ملجانیکی طرح

تو تو شمع کی طرح روشن ہے ای ماہ لقا
دل ہوا فضل علے کا آج پروانہ کی طرح

عشق میں تیرے ای صنم ہو گئی ہی یہ طرح
درد الم اور غم ہو گئی ہے یہ طرح

سونے کو ہم نے کیا ہے دل سے اپنی حرام
چور ہوئے جاہ میں ہو گئی ہے یہ طرح

جب سے دیکھا روتا ہوا چشمونکو مرے ہی مدام
جسم کو اور جان کو کھو گئی ہے یہ طرح

رہتا ہوں میں بیقرار یار تیرے ہجر سے
خونی آنسو نسے ہے منہہ دہونیکی یہ طرح

آپ نے کرم کی کر نگاہ فضل علے پہ ذرا
تیر سے بھی دیدار کی چوری ہے یہ طرح

ہجر دل آرام سے ہو گئی ہے یہ طرح
جان گئی تیرے ساتھ ختم کی ہی یہ طرح

رہتا ہوں میں بیقرار یار تیری چاہ میں — جان کی ہے یہ طرح مال کی ہے یہ طرح
آتش ہجران نے پھونکا ہے میرا استخوان — جنکا ہوا ایسا حال بچنے کی ہے یہ طرح
دوستی تو اپنی کیا ہے اب غیر حق — یار کو ہے یار تو پکار پانے کی یہ طرح

لیوین اگر اسے تو خود دیوین فضل علے
لینے کی ہے یہ طرح اور دینے کی ہے یہ طرح

جو گیا دنیا سے پھر وہ آوے کس طرح — بھاگئی مجنون کو لیلیٰ اور بھاوے کسطرح
منتظر ہیں یار کا قاصد نہ لا سکتا خبر — واں نجا سکتی صبا ہی قاصد جاوے کس طرح
لوٹتا دل ہے نجا سکتا ہے اُس کے قریب — نظر مین آوے نہیں اُس کو بتاوے کسطرح
میں تو بھولا ہن کے آیا یا سلیمان دستگیر — مجھ ایسے بے عقل کو حضرت بولاوین کسطرح

صدق دل سے بیٹھ تو اور زہد کر فضل علے
جانکو اپنے لگاوے پھر نہ پاوے کس طرح

ردیف خ

ایک باری مجھے دکھاوے رُخ — دو جہان سے مرا چھوڑاوے رُخ
میرے رُخ سے ہوا تیرا رُخ مات — اس طرح سے یہ مجکو بھاوے رُخ
میں تیرے رُخ کے ہوں قربان — جال عرفان کی چلاوے رُخ
دلِ تاریک کو کرے روشن — ایک ہی نظر میں آوے رُخ

عاشق زار ہے تیرا فضل علی
ہرگز اُسے تو مت چھپاوے رُخ

کیوں ہم سے چھپاتا ہے رُخ اے ماہ رُخ — ہم تو آئے تھے تمہارے دید کو اے ماہ رُخ
دل تڑپتا ہے شتابی بے خبر اے میری جان — مفت میں مر جاؤنگا دکھا یہ ہم اپنا ماہ رُخ
زندگی بچا ہوں اور بچا ہوں اپنا مرگ — ہے تمنا تیرے دیکھیں گے ہمکو ماہ رُخ
جو کٹی سو کٹی اور اب تو ٹک کر کے کرم — دکھا عنایت سے جمال اپنا تو ہمکو ماہ رُخ

پہنچا ہے در پر تیرے گر پڑ کے فضل علے
در پر آنے کی شرم اُسکے ہے تم کو ماہ رُخ

ردیف دال

اے بت کافر صنم تو تو ہے ازبسکہ شوخ
چہرہ تیرا چشم میں پھرتا ہے ازبسکہ شوخ

ابروسے کھینچے کماں مژگاں سے ڈالے ہی تیر
ناز کرشمہ ادا مارے ہے ازبسکہ شوخ

آفریں کیئے میاں مجھ دل مجروح کو
کس طرح ثابت کھڑا ڈالے ہے ازبسکہ شوخ

ہمپر جو صدمہ ہوئے صبر سے اسکو سہے
ہجر کا دکھ سخت تر ہی سب سے ازبسکہ شوخ

یہ تیر افضل علی جا رہا ہے تجھ گل کے پاس
پھول کا کانٹا جدا ہوتا ہے ازبسکہ شوخ

کون دے سکتا ہے میرے خون کے اشکوں کی داد
یار ہی دیگا تو دیگا ہم ایسے بیدادوں کی داد

تو ہے میرا بادشاہ تجھ تلک ہے میری دوڑ
تو ہی دیوے یا نہ دیوے ایسے حیرانوں کی داد

مجھکو کچھ آتا نہیں ہے ایک رونیسے کام
آپ سا عادل جو ہو آکے دیوے اسکی داد

سخت مشکل میں پھنسا ہوا اڑ گئی ہے سب عقل کی
آپ ہی آکر کے دیگا ہمسے مستانوں کی داد

صبر کر افضل علے ہرگز تو اب دم نمار
داور داور دیگا ہمسے بیدادوں کی داد

دل میرا مائل ہے تجھپر بے عدد
کون جانے خیر تیری احد الصمد

جب تجھے دیکھوں تو ہووے دل میں چین
دے مجھے دیدار اپنا اللہ احد

لم یلد ہے اور ولم یولد تو ہے
اور تیری ذات ہے کفواً احد

عشق نے تیرے کیا بیخود مجھے
دے مجھے دیدار جا میرا یہہ درد

مین تو نازاں ہوں سن لاتقنطوا
کس لئے میرے گنہہ ہیں بے عدد

بن تیرے دیکھے بچا ممکن نہیں
غم بچا ویگا میرا یہہ تا لحد

اتبو ہو افضل علے سب سے بجا ب
سب سے بیگانہ ہو بیٹھا تو فرد

ہے عرش سے بالا وہ کف پائے محمد
برتر ہے ملائک سے بس جائے محمد

یہ مرتبہ نبیونکو نہ ولیوں کو ہے حاصل
جبرئیل سا ہو جس کا جبہ سائے محمد

ممکن نہیں ہے آپ سا کوئی ہووے
ہے صدف نبوت میں دریکتائے محمد

جان ہو اور مال ہو اور دل ہو تصدق
گر یک دفع چہرہ کو دکھلائے محمد

ماں باپ مرے یار وہاں کام نہ آوین
اُس سخت مکان میں ہمین بخشادی محمد

زیبائش میں اسکے گل و خورشید نہ پہنچے
ہیں دونون جہان میں تو زیبائے محمد

ہر شے کو کیا اُسے طور سے ظاہر
وہ نور خدا حق ہے سراپائے محمد

تو فضل علے اب صلوۃ پڑھا کر
قربان ہے خود کا کبھی آجائے محمد

سید السادات حقیقت اخیار الدین شہید
ہادی دین محمد عاشق رب المجید

سر کو دے تم نے لیا اللہ سے رتبہ بلند
سیر حاصل وہاں تلک ہی فرش سے عرش مجید

اُنکی برکت سے ہے سارے محلہ پر امن
یہاں تلک ہو بے بصر جو بدی کرے وہ جو پلید

کیون نہ تیرے فیض سے طالب تیرا پر فیض ہو
شاہ ولایت کے ہو تم ہمشیر کے پسر سعید

ایک نظر اسپر بھی کر صدقہ کمال الدین کا
چاہتا ہے فضل علے نعمت تیری ہو ہل من مزید

دنیا میں غافل نہو جیوں تو عبد
جان و دل قربان کر اپنی احد

دوئی کو دل سے دے اپنی اُٹھا
ایک دل میں جان اللہ الصمد

دل سے اپنے غیر حق کو دے ہٹا
مت کر تو دشمنی بغض و حسد

ہے وہی گمراہ بہتر فرقوں میں
ہے جو وہ شیطان لعین خوار بد

چھوڑ سب حرص و ہوا کو جلدی سے یار
مار نفس اپنا ہے کافر اشد

اے کریم کارساز بے نیاز
بخشدے میرے گناہیں بیعدد

فضل علے ہے تیرا پر خطا
اپنے اس عاصی کی کر جلدی مدد

نکر مجھکو قید میں صیاد
اپنے اُس خدا سے ہے فریاد

پانچ دن کی بہار پھولوں کی
کرلے بلبل بھی اپنے دلکو شاد

ایک دن باغ کو خزاں آوے
پھر کہاں سرو اور کہاں شمشاد

چھوڑکر مکتب کو پہونچا میخانہ
نز ہا فسکر مجھکو دوزخ کا
جب سے خلعت تم سے دورنگی پہنا
سارے جھگڑے چھڑا دئیے میرے
توڑے ہرس و ہوا کی زنجیرین
میں تو اسکا غلام ہون دل سے

روپڑا میرے حال پر اوستاد
نہ رہی دل میں جنبتون کی یاد
تب سے صحرا کو کرلیا آباد
واہ عشق کیا ہے تیری داد
اتبو وہ لئے پھرے ہے مثل باد
کیا کیا دکھائے ہیں اسنے ایجاد

یہ بشارت دے یار کو میرے
نیست ہو فضل علی اور ہو دل سے شاد

نہیں ہوا کوئی دنیا مین آپ کے مانند
تمام محفل خوبان نہین یوں تیرے آگے
گا ہے گاہے تو اپنا جمال دکھلا
شبانہ روز میرا تیرے ذکر میں جاوے
میں جان بلب ہو مجھے شربت وصال دے کو
دکھا کہ جلوہ تابان کو مجھے کیا بیخود +

میری ہوس ہے کہ دیکھوں آپکے مانند
گویا ستارون میں تو ماہتاب کے مانند
پھرا مست مجھکو خراب کے مانند
دل تو ہوگیا کباب کے مانند
رہے ہے زندگی اپنی حباب کے مانند
اور عرق چہرہ سے تیرے شراب کے مانند

تمہاری دوری سے جلکر ہوا ہیں راکھ
اور ہوا ہے فضل علے کباب کے مانند

دولت حسن ہے خدا کی داد
رکھ مجھے اپنے باغ خوبی میں
ہے میری زلف دام میں لپٹا
دانہ خال عنبرین کو دیکھ
اب بنیاد ہاتھ میں ہے ترے
اپنے کامون میں تو پہنسے بلبل

یہ غلام ہے نہ کیجئے آزاد
آپ سے ہے یہی مری فریاد
اسکو ہرگز نچھوڑنا صیاد
بے بہا مرغ اور دل ناشاد
ہے تیرا بنایا خلد کا شمشاد
کہ ہمیشہ تانہ اپنے تو بنیاد

ایک وصلت کا اپنے پیالہ غمے

ہوے فضل علی کا بھی دل شاد

اے شاہ خوبان مجھکو کردے آزاد
اتنی عرض ہماری ہے اور دل کی فریاد

جس دن کہ تم نے ٹیڑھی نظر دکھائی
اُس دن یہ جان جاویگی مفت برباد

لاتقنطو کا اب سے ہوا ہوں ناظم
گو بُرا ہون یا بھلا مگر کردے دلکو شاد

چاروں طرف ہمارے پھندے لگا رکھے ہیں
کیونکر بچے گا یہ دل ہے دشمن اسکا صیاد

بے آپکی عنایت کے ہو کس طرح رہائی
فضل علے تمہارے کی کچھ نہیں ہے بنیاد

سب خوبرو میں مرتبہ تیرا ہوا بلند
تو ہے بلند اس میں بھی پایا تیرا بلند

تو ہے وہ بلند جس کی کہ حد نہیں
تیرے سبب جہانمیں شاہ و گدا بلند

عرش مجید آپ کے صدقے بلند ہے
لوح و قلم بلند اور عرض و سما بلند

اے شاہ کائنات ہیں طالب ہوے آپکا
چہرہ دکھا بلند سخن سنا بلند

میں منتظر ہوں تیرے کرم کے نگاہ کا
فضل سے اپنے فضل علے کو کر سر بلند

بادشاہ دوسرا قمر شہید
واے شاہ و گدا قمر شہید

خلق کا رہنما ہے تیرے ازدہام
ہمکو تیرا اسرار قمر شہید

ماہ رُخ مرے ہیں ہا ہون مثل چکور
وصل دے اپنا صدا قمر شہید

کیون منع کرتے ہواے کور بصر
ہے ہمارا مدعا قمر شہید

فضل علے کی آرزو ہر دم یہی ہے
جلوہ اپنا تو دکھا قمر شہید

ردیف ذ

آرزو مجھکو ہے دیکھوں وہ رُخ تاباں لذیذ
دو نا گنیں دونوں طرف مشکیں ہیں پایان لذیذ

اس لب شیرین سے پایا خضر نے آبحیات
پھول برسے ہے دہن سے بے پایان لذیذ

آرزو مجھکو ہے دائم میں ساتھ تیرے رہوں
دلکو میرے بھاوتا ہے یار تو مہمان لذیذ

مت کسی کو عشق دے پرہیز کر اُس سے تو
ہے دوا بر تلخ ظاہر لیک ہے پنہان لذیذ

تیرے فضل علی کو رضا درکار ہے +
خواہ رلاؤ یا ہنساؤ سب جانا ہی لذید

ستم تو بہت دکھائے ذرا تو صنم بس کر
اگر آوے تو بے تکلف رات دن مجھ پاس
میں ایکدم نہ دیکھوں تجھکو وحشت دلمیں اٹھتی ہے
خدا کیواسطے کوئی کہے اُس یار سے جا کر

ظلم ہے منہ چھپانیکا تیرے سر کی قسم بس کر
گا ہے گا ہے تو آ دلبر یا بس کر ستم بس کر
اوٹھا دی ہجر کا پردہ پھر اب زیادہ کرم بس کر
خبر لے اُس دیوانہ کی بھلا اتنا ظلم بس کر

ہیں ہمارے فضل علی کو خبر تیری آنکھونکی
مجھے تو دیکھنے آنکھونکو دے ای جام جم بس کر

تو اپنا برقعہ اوٹھا کر ذرا تو دیکھ ایدھر
اگر کتنا ہی بوجھ میرے سر پر ڈالے تو
مجھے قسم ہے کہ ہرگز نہ ٹلوں ٹالے سے
بہار حسن کو تیرے جسنے کیا حاصل

دیوانہ تڑپے ہے تیرا تو اپنے پھیر نظر
قسم خدا کی میں تجسے نہ پھیروں اپنا سر
بہت ہوئی ذرا اب تو لے ہماری خبر
پھر اسکے دلمیں رہے کیا ہی دو جہانکی قدر

جمال اپنے سے فضل علے کو روشن کر
تو شک دل سے نکالدے اور کرم تو کر

اس مرے دیوانہ کے دل میں کیا ہی ڈالا زور
آہ کی آتش سے ڈر کر چھپ گئے جنگل کے شیر
اور گریہ نے مرے دہوم اُٹھائی جابجا
چھوڑ دیا بلبلوں نے دیکھ کر میرا زخم

آنسوؤں کے بہنے سے آنکھ بنگئی ہی دریا شور
وہاں تلک پہونچے ہی کوک تے جنگل کے مور
جا کے دیکھو داغ کو اہون کی ہٹور ہٹور
داغ لالہ کے پڑا ہے دیکھ لے سینہ کو اوڑ

تیری بے پرواہی سے فضل علی ہے مانگتا پناہ
کسطرح سے دل کو چھینا آہ میرا بن کے چور

مجھپر شفقت کیا تو کر
تیرے ہجرت کے زخم جو کہ ہیں
ملتجی ہوں آپ سے جب دم

اور دیدار ٹک دیا تو کر
اپنی وصلت سے آسے سیا تو کر
بات کو مان لیا بھی کر

کب سے میں آپ کو پکاروں ہون — اِس طرف کان کو دھرا تو کر
مجھہ لیسے بیداد کو دیجئے داد — جائے انصاف ہے سنا تو کر
تجکو یہ چاہے ہے ای عاشق — جان اپنے کو تو فدا تو کر
میں ترے در پر ہو گیا قربان — اپنے در کا مجھے گدا تو کر
پھر نہ آوے گا دار فانی میں — یار سے اپنے تو وفا تو کر
خواب سی زندگی ہے دنیا میں — تو برا چھوڑ دے بھلا تو کر
جس سے کانپتے ہیں سب گلرو — تو دلا اُسسے ڈرا تو کر
ایک نظر مین کرے قیامت کو — اُسکی تسبیح پڑھا تو کر
دل لگا اپنا شاہ خوبان سے — جام وحدت کا تو پیا تو کر
راہ ہے مستقیم عاشق کا — راہ بے دیکھے تو چلا تو کر
جو کہ ہیں اُسکے عارف و صادق — اُنکے طواف میں تو پھرا تو کر
کوئی عاشق جو اُس کا پاوے تو — پائے بوس اُن کا تو ہوا تو کر
خاکساری کو جان کر بہتر — خاکساروں سے تو ملا تو کر
رات ساری ہے خلوت جاناں — نیم شب یاد میں اوٹھا تو کر
جسنے ڈہونڈھا ہے اُسنے پایا ہے — تو اسے ڈہونڈھتا پھرا تو کر
آخرش پاوے مقصد عالی — کھوج لینے کے لئے پھرا تو کر
ذکر کر جہر اور ذکر خفی + + — ان کو قلب میں سنا تو کر
شغل قلبی ہو جب تیرا جاری — اُس سے تو مدعا اپنا لیا تو کر
بندہ جب مقام کرے طے — جام وصلت کا پھر چکھا تو کر
پھر فنا فی اللہ تجھکو حاصل ہو — اپنے تئیں پہلے تو فنا تو کر
راہ یہ سخت اور مشکل ہے — جان کا فکر سست ذرا تو کر
جان و تن دلربا پہ کر قربان — جان سے اپنا دلربا تو کر
زندگی اپنی تو سمجھہ اُسس کو — زندگی یار سے جدا تو کر

زندگی ہے فنا فنا کر کر — زندگی کے تئیں بقا تو کر
دے مٹا یار اپنی ہستی کو — خود کو مالک تو دوسرا تو کر
اور ہیں پانچ چور جو اندر کے — اُن کو اندر سے تو جدا تو کر
حُبِ دنیا و شہوت و غصہ — حرص اور مال کو لٹ تو کر
نفس و شیطان دونوں ہیں قزاق — لوٹ سے اُن کی تو بچا تو کر
مار کر دشمنوں کو باہر کر — گھر میں پھر چاؤ سے بسا تو کر

خون دل اپنا کھا کے فضل علے
شوق میں اُسکے کچھ لکھا تو کر

اپنے چہرہ کو تو دکھایا کر — ہم سے اے جان مت چھپایا کر
ہم ترے دام زلف میں ہیں گے پھنسے — زلف کے ہاتھ مت لگایا کر
میں ترے لعل لب پر ہوں قربان — لب سے تو لب شکر کھلایا کر
چشم سرشار سے ہوا مدہوش — ہمکو بھی وہ قدح پلایا کر

صدقہ تو حسن کا دے فضل علی
گوہر سخن کو لٹایا کر

وہ ماہرو اگر کے خود مجلس میں ڈالے ایک نظر — جاتا رہے ہر ایک کا دل اور پڑے اسکی خبر
زاہد اگر کوئی دیکھے حسن زیبا کو یہاں — تسبیح پڑھنا بھول جائے داڑہیں پر پٹکسکر
میں تو تیری راہ میں آیا ای بت کافر یہاں — قشقشہ جبین پر کھینچا زنار کو ڈالی ببر
میرا سجدہ ہے اُسی کو جو ہے میرا صنم — پند نصیحت سب ہوا مگر واعظ نے لی اپنی سر

جس دن سے یہ بیمار ہے اُس یار کے دیدار کا
فضل کر فضل علی پر اور دکھا سراپا حسن زر

ساقیا جام پلا اپنی شفقت سے اور — حق کے لئے ہی دیکھ میرے حال کا طور
ترے اُس جام کے قدرت سے مرد جیویں — ایسا در چھوڑ کے اب کہاں جاؤں ڈھونڈ کے ٹھور
جسپر ایک نظر ڈالی اُسی کو تو اکسیر کیا — میں نشانہ ہوں ترا تیر نگہ ایک تو چھوڑ

شکر اسد کا ہے ہر دم میں کہاؤں تیرا
جو سلیمان کا ہوا اُس کو نہ ہو گردش دور

ہم تو لا خوف ہوئے جب سے پایا تجھکو
دستگیر تجہہ سا ملا فضل ہوا فضل علی یاور

جانتے ہیں تمہیں سب شاہ و گدا سید محمد لکڑ مور
کیا فیض کے ہو دریائے عطا تم سید محمد لکڑ مور

ایک نیم کا پیڑ تھا رستے میں کاٹنے کا اُسکے قصد کیا
اُسکے کٹتے ہی موڑ لیا تم سید محمد لکڑ مور

بن حاکم نفس لعین ہر دم میری جڑ کاٹی ہیں
کر ایک نظر ہو میرا بھلا تم سید محمد لکڑ مور

کشتی بھی منجدھار میں جاتے بن تیرے ہو کیسے پار
اب اپنی توجہ کرو ہم پر تم سید محمد لکڑ مور

کر اپنے کرم کی ایک نظر اس فضل علی پر کھا سب
اب آن لیا ہے تیرا سایہ تم سید محمد لکڑ مور

کیا ہوا قاصد گیا ابتک نہیں آیا ہنوز
یار کے یہاں ڈیرا کیا ابتک نہیں آیا ہنوز

روتے روتے درد میں اُسکے کٹے ہیں روز و شب
اس طرح کا درد و غم دل مین چھا یا ہی ہنوز

مارتا ہوں جب میں نعرہ کوہ پھٹ جاتے ہیں آہ
آہ نے سنگین دلکو کچھہ نہ دکھلایا ہنوز

کیا کہوں میں حالت جو کہ گذرے مجھپر آہ
دل میرا کس کس طرح سے عشق نے کھایا ہنوز

دست بستہ میں کھڑا ہون یار کے فرمان کا
ابتلک ہمکو نہیں کچھہ کام فرمایا ہنوز

ہو گیا قربان دل ہر تار زلف یار پر +
ایک پر ڈالا نہیں ہے زلف کا سایہ ہنوز

کس طرح دلکو تسلی دیجیے اے فضل علی
آپ کا پھر کر قدم ہرگز نہیں آیا ہنوز

جب آیا ماہرو کر کے قدم تیز
ڈرا دل اسے جو دیکھا صنم تیز

کہا مجھکو نکر ہرگز نظر تو
دکھا کر خنجر ابرو کا خم تیز

تو مت چہریکو دیکھے گر پڑیگا
تیرے گرنے کی کھاتا ہوں قسم تیز

ذہے طالع عشق میں تیز ہوا خاک
دیا ہے ہجر نے از بسکہ غم تیز

کہاں جاتا ہے کہہ فضل علی تو
غزل پوری ہوئی مت کر قلم تیز

قاصد ابتک خبر نہ لایا ہنوز — کیا وہ محبوب اسکو بنایا ہنوز

کب سے میں انتظار ہوں تیرا — کیا ہوا اب تلک نہ آیا ہنوز

میرے رونے سے روتا ہے مجنوں — اب بھی مجنوں نہیں کہایا ہنوز

نہ رہا دل میں یار کے سوائے اور — اس قدر کا وہ سمایا ہنوز

مجھکو دکھلا کے چہرہ مہ تابان — دونوں زلفونکا سایہ جسمین سمایا ہنوز

وہ لب لعل گوہر خندان — ایک عالم کے من میں بھایا ہنوز

اپنے فضل علے سے رخ نہ چھپا
ہجر غم نے بہت ستایا ہنوز

ملنے اسکے سے کب رہا جان باز — گرچہ ہوئے جہان محرم راز

مینے دل میں بہت رکھا مخفی — عشق اور مشک ہے بڑا غماز

کیا ہیں نازک مزاجیان تیری — مدتوں تک اوٹھایا ہمنے ناز

جہاں دیکھا تو وہاں تو ہی دیکھا — یار اغیار میں تو ہے دمساز

جب سے میرے تو آبسا دل میں
تب سے فضل علے ہوا پرواز

دل و جان میرا انتظار ہنوز — غمزہ و صلت کا دلمیں پیار ہنوز

نہ رہا صبر و آشنائی کے — اور بیمار کا قرار ہنوز

دل میں بلبل کی ہوس اور لب ہو بجا — دیکھکر تیرا گلعذار ہنوز

اس تصور میں رات جاتی ہے — ہے ہنوز آپ کا بیمار ہنوز

مینے دل سے کہا تسلی کر — نہ کیا اس نے میرا کہا ہنوز

آرزو ہے مجھے قیامت تک — نہ ہوا تیرے گل کا خار ہنوز

خوش نصیبی ہو اسکی اے جانان — جسکے ہو تو گلے کا ہار ہنوز

مینے اسے بہانہ بہت ہیں گئے — نہ ہوا اپنا وہاں گذار ہنوز

جان کو اپنے آج فضل علے

دلربا پر تو کر نثار ہنوز

کوچۂ یار دل کو بھایا ہنوز
فکر لیل و نہار ہیہ مجھکو
تجکو ملنے سے تھا مرے پرہیز
تیری آنکھوں کے تیر میں کھاکر

پھر بھی اُسنے جلوہ نہ دکھایا ہنوز
رخ زیبا کو کیون چھپایا ہنوز
پھر تو مجھکو یہاں کیوں بٹھایا ہنوز
ہوش کو اپنے میں گوایا ہنوز

دے تو دیدار اپنا فضل علے
ہجر غم نے بہت جلایا ہنوز

آگے لبون کے آپ کے کیا ہے بہار سبز
سرخی لبون پر لالہ کے سینہ میں داغ ہیں
پرواہ کسے ہے ابر نو بہار کی
پانی بچھڑ کے کوئی اُس مہر تابان پر میاں
گر وہ چمن کی سیر کرے آکے دلربا
دستِ حنائی اُسکے میں قبضہ لگا ہی خوب

ایسا نہ دیکھا مین نے کوئی گلعذار سبز
وہ کب ہے ایسا دیکھہ تو خوشبودار سبز
ہے پرتوے سے یار کے اپنا غبار سبز
انسو ہمارے کافی ہیں اُس کے مزار سبز
اُس قد سے باغ سبز ہوا اور سرو زار سبز
تیر اور کمان اُسکے ہیں سب نگدار سبز

بیٹھا ہے تخت ناز پر فضل علے تو دیکھہ
جوڑا ہے اسکے تن میں عجب طرحدار سبز

ہی وہ محبوب سبزہ آغاز
مجھکو ہے گا خیال اُس کا مدام
میں نہ طالب دنے نہ طالب دین
میں نہ جاؤں حرم نہ دہر کے بیچ
تو ہے معشوق عاشق دانا +
مین دیوانہ ہوا نہیں حیرت سے

شوق میں اُسکے دل ہوا ہی گداز
جس کا دونون جہاں اوڑھا و ناز
وصل کا تیرے ہوں بجاتا ساز
جاؤں اُس جا تو لیجا محرم راز
مثل تیرے نہیں ہے عمر دراز
تیرا آنا نہیں ہے راز و نیاز

ہے یہ شوریدہ حال فضل علے
فضل اپنے سے کر اُسے ممتاز

مشتاق ہوں میں تیرا تو یار بڑا دمساز
دل و دیں عقل مری تو نے کیا ہی غارت

دیوانہ کیا تو نے پھر بھید نہ بتایا
دل ہجر سے ہی پیارے لوٹن کبوتر ایسا

جان آئی میرے لب پر جان بخش مسیح اعجاز
مجنون کیا مجھکو کیا خوب ہے دمباز

ایسا نہووے پیارے نہ بہکاوے کوئی غماز
آ آتو پیارے میرے آ آتو اب باز

شاہون سے عجب کیا ہے فضل علی پر ہو فضل
میں جانتا ہوں جاتی ہے عشق میرا آغاز

تیرے وصلت کی یاد مارے ہنوز
میں نے عرض و سما میں ڈہونڈھا تجھے

ہے ترے دیکھنے کی مجھکو طلب
میں تو سب ڈہونڈھ کر تنگ آیا

تیرے قربان ہون بتادے کہیں
جسنے ڈھونڈھا اُسنے پایا ہے

ہجر غم میں بہت پکارے ہنوز
پھر بھی پایا نہیں پیارے ہنوز

ہو گیا حیران تمد رسی تہ دکھائی ہنوز
لیک آیا نڈ ہونڈھ مارے ہنوز

اپنے ہی عارفون میں ساری ہنوز
بیٹھہ پانی میں یا کنارے ہنوز

یہ دعا ہے ہمیشہ فضل علے
آؤ کرم کرکے ہمارے ہنوز

مجہہ پاس کوئی نہیں ہے محرم راز
ایک کو ایک نے کیا ہے رہا

کوئی لیلےٰ ہوا کوئی مجنون
کہیں زاہد ہوا وظیفہ خوان

ایک دل تھا سو کر چکا ہوں نیاز
تو ہی گاوے بجاوے ہر اک ساز

ہے یہ تیرا ہی سب کرشمہ و ناز
کہین روزہ ہوا کہیں وہ نماز

کیا کہنا پاوے تیرا اے فضل علے
تو بڑا رمز ہیں رموزوں باز

تو نہو ہرگز اپنے دل میں اوداس
کرتا ہے وہ زمین کو مردہ

کس طرح پہونچوں دریا پارہ
حق تعالے کرے گا پوری آس

زندہ کر پھر اوگاتا ہے کاس
ٹک تو کر اپنے دل کے بیچ قیاس

ہر سبھونکو تلاش اُس گل کا
تب تلک تجھکو ہی امید وصال
جو بھروسہ رکھے ہی اُس شہ کا

پہر وہ جا کر کے پاتا ہے پاس
جب تلک تجھ میں ایک باقی ہے سانس
وہ نہ ہرگز جہان میں ہوگا نراس

مت تو امید چھوڑ فضل علے
تیرا مطلوب آوے تیرے پاس

کام ہے یار کا نزے کا بس
تو جو جاتا ہے قاصدا یہ کہہ
مجھکو تو یاد تیری ہی دن رات
میں تو ہوں شمع رو کا پروانہ

مجھکو تو ہے وصال تیرا بس
سر رکھوں تیرے آگے اپنا بس
میری بھی یاد دلمین رکھنا بس
یہی ہے قول عاشقوں کا بس

گر تو ثابت قدم ہے فضل علے
تو کرے گا جمال اُس کا بس

دل میرا عشق کے صدموں سے گرفتار ہی
نبض کو دیکھہ سبھوں نے کہا رو رو کر
خوب یارا کر ہوں گر تصدق تجھہ پر
باغبان باغکی درستی کو اُٹھا ہے ظالم
دیکھہ مرتے کو مرے یار جھک کر بولا +

حال بیحال کیا اسنے اغیار ہے بس
نہ بچے گا کسی عاشق کا بیمار ہی بس
دلمین تو جان سے ایسا ہی جگر دار ہی بس
بعد مدت کے ملا سایہ گلذار ہی بس
تیری ہی ٹڑا کچھہ ہے بڑا آزار کہ بس

شکر کر لاکھہ تیرے یار نے مرتے پوچھا
جان دے فضل علی مت کری انکار کہ بس

رات دن دیوانگی کرتی ہی خوبان کی تلاش
کر کے زخمی ایک نکتہ سے دل لیا اور عقل کی [illegible]
دیکھکر زلفوں کا سایہ ہو گیا سایہ مجھے
جبکو سودا کہتے ہیں ہے گر سودا تیرا

جسطرح در پیش تھی لیلی کو مجنوں کی تلاش
جان جاناں نے لیا پھر ہو جانا نکی تلاش
ہے وہ سایا اس طرح کا زلف خوبان کی تلاش
دیکھہ لے تک منصفی سے کہا ہی دہقان تلاش

دل میں آتا ہی وہ کہتا ہے یہ فضل علے

ردیف شین

ہر نہیں اُسکے تئیں کچھہ صفر موزونکی تلاش

ہے بھلا سب سے خاموشش
وہ ہے بہتر جو ہو رہے خاموش

بولنے میں بڑی خرابی ہے
وہ سلامت رہے جو ہو خاموش

گناہ ہے سب گناہ کے یہ زبان
بھید ظاہر ہوا ہوئے خاموش

جو ضرورت ہو بولنا پیارے
بے ضرورت نہ بولیئے خاموش

جو امر ہے خدا کا کر پورا
جو نہیں ہے تو کر اُسے خاموش

جس سے وعدہ کرے تو پورا کر
اور نہ پورا کرے سب بھلے خاموش

پند فضل علے سن تو جان سے
پیارے بول غیر سے ہو خاموش

تھی جو دل میں خرد کی جوشش و خروش
دیکھتے ہی تیرے ہوئے خاموشش

جب تلک مجھکو تو نہ تھا معلوم
تھی بجا عقل اور بجا تھے ہوشش

تو نے جب سے کیا ہے دل مین مقام
از ہمہ رفتہ ہون وخود بیہوشش

ہون میں عاشق تیرا میرے محبوب
ایک پیالہ پلا دے کر تو ہوشش

بس یہی آرزو ہے فضل علے
دایماً مجھکو رکھو ہم آغوشش

ایک پیالہ دے تو ساقی اُٹھہ رہا ہے دلمین جوش
جب تلک ہی کام تب تلک باقی ہیں ہوش

اب تو دریا عشق میں ایک موج کو اُسنے اُٹھا
عقل کی کشتی دبا کر کر رہا اپنا جوشش

واسطے اپنے خدا کے میری مدد کر ساقیا
کب سے بکتا ہون اور تم نہیں کرتے ہو ہوش

چھوڑ کر در کو تیرے کہاں جاؤں اے میری جان
اپنا چھوڑا دے شیشہ بعد تیرے کر لوں ہوش

جبتلک دنیا میں رہے زندہ یہ فضل علے
خوش نصیبی سے رہے یہ بادہ کش اور میفروش

اُس گلبدن کو دیکھہ کے دیکھہ بلبل نثار محض
لے جا قدم وہ باغ میں ہووے بہار محض

کھل غنچہ لب کو دیکھنے سے ہوا اُسکے دلمین رشک
ہوتے ہیں پھول شرم سے سب خار دار محض

روشن جبین سے چاند کے بیداغی غلام ہی
ہے آفتاب در کا تیرے چوبدار محض
کیا وصف ہو سکے ہے تیرا اس زبان سے
عاجز ہے یہ زبان میرے بیقرار محض
صد آفرین ہے تیرے مصور کو ای میان
جسنے کیا ہے تجھکو بڑا خوش نگار محض
اول سے لیکے کوئی بھی آخر تلک نہیں
جیسا کیا خدا نے تجھے تاجدار محض

تیری اداؤں سے لیا فضل علی نے جو ہے
سو جان سے فدا ہے ای گلعذار محض

شمع رو کے آنے سے آتا ہے پروانہ کو رقص
ہے لیلی دلربا کے دل سے کب جاتا ہے رقص
مطرب بولو ذرا یہ دل مرا بیچین ہے +
خوش ترانہ کی ادا سے دلکو خوش آتا ہے رقص
میں تو ہون بیمار مجھکو ساقیا دے اپنا جام
دے شتابی دے شتابی دلکو اب بھاتا ہے رقص
ہے تیرے اس جام قدرت سی مردے کو ہوں حیات
مردہ دلکو زندہ کرکے خوب کدواتا ہے رقص

درد کے دلمین میرے یہ عرض ہے ای فضل علے
ایک نظر اپنی کرے تو کیا ہی تھرکاتا ہے رقص

مجھکو مطلب تیرا سدا مخصوص
اور مقصد ذات پاک کا مخصوص
جب سے میںنے سنا ہے آپ کا نام
نہ غرض ہے تیرے سوا مخصوص
یہ غرض ہے اسی دیوانہ کی +
جلوہ اپنا ذرا دکھا مخصوص
ایک پیالہ بھر ہُئے وحدت کا
اپنے ہاتھون سے تو پلا مخصوص
جس نظر سے دوئی کا نقش مٹے
اس نظر سے مجھے پلا مخصوص
ایک مطلوب سیکڑوں طالب
جس میں کیا کیا کرم تیرا مخصوص
کسکو طاقت ہے ہر کوئی ملاح
کہہ سکے وصف کب ذرا مخصوص
کیا کہوں تجھہ کو ہے کون و مکان
تو ہے میرے درد کی دوا مخصوص

ہے تیرا انتظار فضل ہی ئے
ہو میسر تیری لقا مخصوص

من میں تیرا جمال ہے خالص
تن میں تیرا کمال ہے خالص

ردیف ص

تیر مژگان کمان ہیں ابرو ۔۔۔ چشم طوفاں ضلال ہوئی خالص
کیا حقیقت ہے خوبرویون کی ۔۔۔ اس جہان سے ہلال ہے خالص
زلف ناگن چھوٹے پھری ہیں دوتا ۔۔۔ ہر طرف مار مثل ہے خالص
از لبِ لعل خوش سخن شیرین ۔۔۔ میں مگس ہوں وہ عسل ہی خالص
دیکھتے ہی میں ہوا فنا فی اللہ ۔۔۔ کیا ہی جاہ و جلال ہے خالص
لیک دامن سے تیرے وصل ہوا ۔۔۔ کشتۂ ناز ہون تیرا خالص

خود کو کھووے تو پاوے فضل علی
یوں تو پانا محال ہے خالص +

سب سے زیادہ ہی یار کا اخلاص ۔۔۔ اُس برابر نہ اور کا اخلاص
اُس کا ہے پیارا سارا جہان ۔۔۔ چھارہا اُس کے پیار کا اخلاص
کیوں نہو مثل بلبل از دل و جاں ۔۔۔ دیکھکر گلعذار کا اخلاص
دل کو میرے لیا فریفتہ کر ۔۔۔ کیا ہے اُس نو بہار کا اخلاص
جب سے دل آگیا ہی تیری طرف ۔۔۔ نرہا دل میں غیر کا اخلاص
دلِ آئینہ صاف کر میرا ۔۔۔ ڈال اپنے جمال کا اخلاص

کوئی اپنی ادا پہ نازان ہے
فضل کو دے پروردگار کا اخلاص

